# 26-02-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

(۱) وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے وزیراعظم نریندر مودی پر زور دیا ہے کہ میٹرو ریل کے دوسرے مرحلہ کی اجازت دینے کے علاوہ ریجنل رنگ ریل، ڈرائی پورٹ اور سیمی کنڈکٹر مشن کی اجازت دی جائے۔

(۲) سرنگ میں پھنسے مزدوروں سے رابطہ ہنوز نہیں ہو پایا ہے، جبکہ بچاؤ ٹیموں نے اس سلسلہ میں مزید پیشرفت کی ہے۔

(۳) کل منعقد ہونے والے ایم ایل سی کی تین نشستوں کے انتخابات کے لئے تمام تر انتظامات کر لئے گئے ہیں۔

اور

(۴) بائیو ایشیا سمٹ کے دوران ریاست کو 11 ہزار کروڑ روپے سے زائد کی سرمایہ کاری حاصل ہوئی ہے جس سے 22 ہزار ملازمتوں کے مواقع پیدا ہوں گے۔

MLC:

تلنگانہ قانون ساز کونسل کی تین نشستوں کے لئے کل رائے دہی ہوگی۔ موجودہ ارکان کی میعاد آئندہ ماہ ختم ہو رہی ہے۔ لہٰذا نلگنڈہ۔ کھمم۔ ورنگل ٹیچرس حلقہ اور کریم نگر۔ میدک۔ نظام آباد۔ عادل آباد ٹیچرس اور گریجویٹس حلقوں کے لئے انتخابات ہوں گے۔ رائے دہی کا عمل صبح 8 بجے سے شروع ہوگا اور شام 4 بجے تک جاری رہے گا۔ ہمارے کریم نگر کے نمائندے سمپت کمار نے بتایا ہے کہ سخت سیکورٹی کے درمیان تمام تر انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ ہمارے نلگنڈہ کے نمائندے رام کرشنا نے نلگنڈہ۔ کھمم۔ ورنگل اساتذہ حلقہ کے تحت کئے گئے انتظامات کے تعلق سے تفصیلات فراہم کی ہیں۔

BIO ASIA:

تلنگانہ کو لائف سائنس شعبہ کے لئے تقریباً 11 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری ملی ہے۔ اس طرح تقریباً 22 ہزار ملازمتوں کے مواقع پیدا ہوں گے۔ یہ اعلان حیدرآباد میں کل سے شروع ہوئے بائیو ایشیا کانفرنس 2025ء کے دوران کیا گیا۔ یہ سالانہ پروگرام مختلف صنعتی نمائندوں، سائنسدانوں اور پالیسی میکرس کو ایک جگہ جمع کرتا ہے تاکہ بائیو ٹکنالوجی، فارماسیوٹیکلس، ہیلتھ کیر اور ٹکنالوجی میں ہو رہی پیشرفت پر بات چیت کی جاسکے۔ سب سے زیادہ سرمایہ کاری کی تجویز ریاست کی گرین فارما سٹی کے لئے رکھی گئی ہے۔ اس سلسلہ میں تلنگانہ حکومت اور گرینولس، آربی کیولر، اے زینٹ، بائیولوجیکل ای، ورچو، جوبیلینٹ، بھارت بائیوٹیک اور سائی لائف سائنس جیسی کمپنیوں کے درمیان 17 معاہدوں پر دستخط کئے گئے۔

FLYOVER:

حیدرآباد کے علاقہ عنبر پیٹ میں طویل عرصہ سے زیر تعمیر فلائی اوور کو آج عوام کے لئے کھول دیا گیا۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کل ایک جائزہ اجلاس کے دوران عہدیداروں کو اس سلسلہ میں ہدایت دی تھی۔ ایک سرکاری ریلیز میں کہا گیا ہے کہ کشن ریڈی نے عہدیداروں سے کہا تھا کہ اس فلائی اوور کو کھول دیا جائے تاکہ طویل عرصہ سے جاری تعمیری کاموں کی وجہ سے عوام کو کافی مشکلات پیش آ رہی تھیں۔

TUNNEL:

ایس ایل بی سی سورنگ میں پھنسے آٹھ افراد کو بچانے کے لئے جاری جدوجہد میں بچاؤ ٹیموں کو مزید پیشرفت ہوئی ہے۔ ٹیموں نے ایک ویڈیو بنایا ہے جس سے اندھیرا اور دیگر مشنری کے علاوہ سرنگ میں بڑی چٹانوں اور مٹی کے ڈھیر کو دیکھا جا سکتا ہے۔ تاہم پھنسے ہوئے افراد کو ہنوز تلاش نہیں کیا جا سکا ہے۔ اسی دوران ریاستی وزرا اتم کمار ریڈی اور وینکٹ ریڈی نے سرنگ کے کاموں کے ماہرین کے ساتھ آج صبح صورتحال کا دوبارہ جائزہ لیا جبکہ سورنگ میں پھنسے افراد تک پہنچنے کے لئے بچاؤ ٹیموں کی جانب سے تمام تر کوششیں کی جارہی ہیں۔ اسی دوران سرنگ کے کاموں سے متعلق دہلی کے ماہرین کی نئی ٹیمیں بھی مقام واقعہ پر پہنچ گئی ہیں جبکہ بارڈر سیکورٹی فورس کی خدمات بھی حاصل کی جارہی ہیں۔

CM:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج وزیراعظم نریندر مودی پر زور دیا کہ ریجنل رینگ ریل اور ڈرائی پورٹ پراجکٹس کی منظوری کے علاوہ آر آر آر پراجکٹ کے سدرن کاریڈور کی اجازت دی جائے اور موسیٰ ندی کو خوبصورت بنانے کے پراجکٹ کے لئے فنڈس جاری کئے جائیں۔ ریونت ریڈی نے آج آئی ٹی وی صنعتوں کے وزیر سریدھر بابو اور دیگر سینئر عہدیداروں کے ہمراہ نئی دہلی میں وزیراعظم سے ملاقات کی۔ ایک سرکاری ریلیز کے مطابق سی ایم نے مرکز سے اپیل کی کہ 76.4 کلومیٹر پر مشتمل پانچ کاریڈور اور دوسرے مرحلہ کے تحت میٹرو ریل کے ڈیولپمنٹ کے لئے 24 ہزار کروڑ روپے سے زائد فنڈ جاری کیا جائے۔ انہوں نے مرکز سے یہ خواہش بھی کی کہ ریجنل رنگ روڈ کے سدرن کاریڈور کو منظوری دی جائے۔ انہوں نے بتایا کہ ناردرن کاریڈور کے تحت اراضیات حاصل کرنے کا مرحلہ 90 فیصد مکمل ہو چکا ہے۔ سی ایم نے یہ بھی بتایا کہ زمینات حاصل کرنے کے لئے 50 فیصد رقم ریاستی حکومت کی جانب سے ادا کی جائے گی۔ ریونت ریڈی نے ریجنل رنگ ریل پراجکٹ کا حوالہ دیتے ہوئے اس پراجکٹ کو منظوری دینے کی گزارش کی کیونکہ اس سے ریل رابطہ میں بہتری واقع ہوگی۔ اس کے علاوہ انہوں نے آندھرا پردیش میں بندرگاہوں سے رابطہ کے لئے گرین فیلڈ روڈ کی منظوری دینے کے علاوہ آر آر آر کے قریب ڈرائی پورٹ کی تعمیر کی اجازت دینے کی اپیل کی۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے سائبر جرائم اور منشیات کے کیسس میں اضافہ کے پیش نظر مرکز سے ریاست کے لئے 29 زائد آئی پی ایس عہدہ فراہم کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔

AI - TRAINING:

نیشنل انسٹیٹیوٹ آف اگریکلچرل ایکسٹینشن مینجمنٹ میں دو ہفتہ پر مشتمل انٹرنیشنل انڈین ٹیکنیکل اینڈ اکنامک کوآپریشن کا افتتاح کیا گیا۔ 26 ممالک سے تعلق رکھنے والے جملہ 29 وفود اس ٹریننگ پروگرام میں حصہ لے رہے ہیں۔ اس پروگرام میں حصہ لینے والے وفود کا تعلق میکسیکو، سری لنکا، بھوٹان، تنزانیہ، موریشس، جنوبی سوڈان اور ایران سے ہے۔

TELUGU:

تلنگانہ حکومت نے اگلے تعلیمی سال سے ریاست بھر میں سی بی ایس ای، آئی سی ایس ای، آئی بی اور دیگر مسلمہ بورڈس کے اسکولوں میں پہلی تا دسویں جماعت کے طلبہ کے لئے تلگو کی تعلیم کو لازمی قرار دینے کے لئے احکام جاری کئے ہیں۔ ایک سرکاری ریلیز میں کہا گیا ہے کہ ریاستی حکومت نے سال 2018ء میں تلنگانہ میں اسکولوں میں تلگو کی تدریس اور سیکھنے کے عمل کو لازمی قرار دیا تھا تا کہ گورنمنٹ ضلع پریشد، منڈل پریشد، امدادی کے علاوہ سی بی ایس ای، آئی سی ایس ای اور آئی بی کے علاوہ دیگر مسلمہ اسکولوں میں تلگو کو لازمی قرار دیا جا سکے۔

FESTIVAL:

ریاست بھر میں عوام مہا شیوراتری کا تہوار روایتی جوش وخروش کے ساتھ منا رہے ہیں۔ ریاست بھر کی مختلف مندروں اور شیو شیتروں میں بھکتوں کی بڑی تعداد جمع ہوئی جہاں خصوصی پوجا کی گئی۔ مختلف عوامی نمائندوں اور لیڈرس نے عوام کے حق میں دعا کی اور خصوصی پوجا کا اہتمام کیا۔ ویملواڑہ راج راجیشور سوامی ٹمپل، ورنگل کاشی وشویشور اٹمپل، ہنمکنڈہ رودریشور اسوامی ٹمپل جیسے مندروں میں خصوصی پوجا کی جارہی ہے۔

MAHA KUMBH:

دنیا سب سے بڑے مذہبی اور ثقافتی پروگرام مہا کمبھ میلہ کا آج مہا شیوراتری کے موقع پر اختتام عمل میں آرہا ہے۔ شہر پریاگ راج میں واقع سنگم اور دیگر گھاٹوں پر آج صبح سے ہی ملک بھر سے تعلق رکھنے والے بھکت مقدس ڈپکی لگا رہے ہیں۔ اس مہا کمبھ میلہ میں جو 13 جنوری کو شروع ہوا تھا، 6 ہفتوں کے دوران 64 کروڑ 60 لاکھ سے زائد بھکت پہنچے ہیں۔ اس طرح یہ دنیا میں انسانوں کا سب سے بڑا اجتماع بن گیا ہے۔

BRS:

بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے آج وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پر الزام عائد کیا ہے کہ انہوں نے ایس ایل بی سی سرنگ میں پھنسے مزدوروں کے تعلق سے اپنی آنکھیں بند کر لی ہیں۔ کے ٹی آر نے ٹوئٹر پر یہ الزام بھی عائد کیا کہ حکومت نے سرنگ کے پاس کام کرنے والوں کے مفادات کو نظر انداز کر دیا۔ کے ٹی آر نے ریونت ریڈی کو اس بات کے لئے بھی تنقید کا نشانہ بنایا کہ انہوں نے مبینہ طور پر بچاؤ اقدامات کو نظر انداز کر دیا اور انتخابی مہم میں حصہ لینے کو ترجیح دی۔

ADD BIO ASIA:

کوئلہ کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے بائیو ایشیا سمٹ میں جس کا آج شام حیدرآباد میں اختتام عمل میں آیا، اسٹارٹ اَپس ایوارڈ پیش کئے۔ اسٹارٹ اَپس نے لائف سائنس، کسانوں اور دیگر متعلقہ شعبوں میں اہم رول ادا کیا ہے۔ اسی بنا پر یہ ایوارڈ دئے گئے۔ اس سے پہلے کشن ریڈی نے اسٹارٹ اَپس کی نمائش اور فارما انڈسٹریز اینڈ ریسرچ لیبارٹریز کا دورہ بھی کیا۔ اس موقع پر ریاستی وزیر صنعت سریدھر بابو بھی موجود تھے۔